Bundesamt
für Migration
und Flüchtlinge

پناہ گزین حضرات اور خواتین کیلئے
پناہ کی درخواست کے بارے میں اہم معلومات

URDU

درخواست دینے کیلئے کونسے ڈاکومنٹس ضروری ہیں؟

درخواست دینے کا موقع مہاجرت اور پناہ کے وفاقی ادارے کے ساتھ آپ کی پہلی ملاقات ہے۔ ہم آپ سے آپ کی تفصیلات جیسے کہ آپ کی رہائش کی جگہ، اسکول اور آگے تعلیم، زبانوں کے علم اور سفر کے راستے کے بارے میں سوالات کریں گے۔ ایک مترجم یا مترجمہ وہ سب چیزیں جو آپ کہیں گے ترجمہ کرے گا / کرے گی۔

آپ کی پناہ کی درخواست پر جلد کام کرنے کیلئے آپ برائے مہربانی مندرجہ ذیل ڈاکومنٹس اور دستاویزات، **جہاں تک دستیاب ہو**، کاغذ کی شکل میں ساتھ لائیں:

ذاتی ڈاکومنٹس - برائے مہربانی صرف اوریجنل ڈاکومنٹس

- پاسپورٹ
- شناختی کارڈ
- اسکول کارڈ
- پیدائش کا سرٹیفکیٹ
- ڈرائیونگ لائسنس
- فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
- فیملی کتاب
- نکاح نامہ
- فوج کا کارڈ
- سروس کارڈ
- ممبرشپ کارڈ
- کام کا ثبوت
- تصدیق نامے (تصدیق نامے کی صرف فوٹو کاپی بنائی جاتی ہے، اوریجنل آپ درخواست داخل کرنے کے بعد واپس لے جاسکتے ہیں)

آپ کے فرار کی وجوہات کے ثبوت

- تصاویر
- عدالتی کارروائیوں کے احکام یا فیصلے
- گرفتاری کے وارنٹ
- پولیس تحقیقات کے اشتہارات و اعلانات یا پولیس کے دیگر ڈاکومنٹس
- دھمکی کے خطوط
- اخباری مضامین (خاص طور پر نام کے ذکر کے ساتھ)
- بپتسما سرٹیفکیٹ
- سوشل میڈیا (فیس بک، انسٹاگرام، ٹویٹر وغیرہ) کی پوسٹیں جن کا تعلق آپ کے فرار کی وجوہات سے ہو
- دوسرے ڈاکومنٹس، جیسے کہ عینی شاہدین کے خطوط

تصدیق نامے

- ڈاکٹر کی تصدیق
- ڈاکٹر کا خط
- نفسیاتی تشخیص
- تشدد/ٹارچر کی تصدیق
- دوسرے سرٹیفکیٹس

توجہ: صرف آپ کے کیس سے **متعلق** ڈاکومنٹس ساتھ لائیں۔ آپ پر لازمی ہے کہ ڈاکومنٹس کو **پرنٹ** کرکے ساتھ لائیں۔ اگر آپ کے پاس ڈیجیٹل ڈاکومنٹس ہوں، تو اپنے رہائشی مرکز میں پوچھیں کہ آپ ان کو کیسے پرنٹ کرسکتے ہیں۔

تصدیق نامے آپ کے اصلی ملک، کسی دوسرے ملک یا جرمنی سے ہوسکتے ہیں۔ اگر ضروری ہو تو ڈاکٹر کے پاس جائیں۔

اگر آپ کو ابتدائی رہائش کے مرکز میں جگہ **نہیں** بلکہ کسی اور مقام پر رہائش کی جگہ دی گئ ہے تو برائے مہربانی آپ ہمیں اپنا پتہ بھی دے دیں۔

جب آپ کی پناہ کی درخواست داخل ہوجاتی ہے تو آپ کو پناہ کی اس درخواست پر کام کرنے کے دوران کیلئے رہائشی اجازت نامہ مل جائیگا۔ یہ آپ ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔